Al-Mīthāq
Research Journal of Islamic Theology
ISSN 2791-0989(P) 2791-0997(E)

Contact: +92 310 3555045
Email: editor.almithaq@gmail.com
Website: www.almithaqjournal.org

عمومی ہدایات برائے مقالہ نگاران

مجلۃ "المیثاق "علومِ اسلامیہ ودینیات میں ششماہی بنیادوں پر شائع ہونے والا تحقیقی مجلہ ہے جو کہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان سے منظور شدہ ہے۔"المیثاق "علومِ اسلامیہ کے محققین وماہرین کو اپنی تحاریر اور مقالہ جات شائع کروانے کے لئے ایک پلیٹ فارم مہیا کر رہا ہے۔ یہ مجلہ تین زبانوں(**اردو، عربی اور انگریزی**) میں مقالہ جات شائع کر رہا ہے جن کی اشاعت ادارتی بورڈ کی منظوری سے مشروط ہے۔

اشاعت کا طریقہ کار

یہ بات یادر ہے کہ اسلامی نظریات سے متصادم، فرقہ وارانہ سوچ پر مبنی مقالہ جات ہر گز شائع نہ کیے جائیں گے۔ مجلۃ "المیثاق "میں اپنے مقالہ جات شائع کروانے کے لیے سب سے پہلے مقالہ نگاران مجلہ کی ویب سائٹ OJS پر رجسٹر ہونے کے بعد اپنے مقالہ کی فائل اپ لوڈ کریں گے۔ مقالہ موصول ہونے کے بعد غیر جانبدارانہ تبصرہ کے لیے دو ماہرین کی طرف اسے منتقل کیا جائے گا۔ اشاعت یا عدمِ اشاعت کا فیصلہ ماہرین کی رائے کی روشنی میں ہو گا۔ ماہرین کا تعارف اور آراء پوشیدہ رکھی جاتی ہیں تاہم اگر کسی مقالہ کے بارے میں ماہرین کی رائے چند ترامیم کے ساتھ قابلِ اشاعت کی ہو تو ان ترامیم سے مقالہ نگاران کو مطلع کیا جائے گا۔ کسی بھی مقالہ کے قابلِ اشاعت ہونے کا انحصار دو ماہرین کی مثبت رائے پر ہے۔ مقالہ نگاران اپنے مقالہ جات ای میل کے ساتھ ساتھ اس کے دو عدد نسخہ جات اور سافٹ فائل کی سی ڈی بھی مجلہ کے پتہ پر ارسال کرنے کے پابند ہوں گے۔ یادر ہے کہ صرف وہی مقالہ جات اشاعت کے نظم میں شامل کیے جائیں گے جو نہ تو پہلے سے شائع شدہ ہوں اور نہ ہی کسی اور مجلہ میں ان کی اشاعت زیرِ غور ہو۔ اس مقصد کے لیے مقالہ نگاران کی تصدیق ضروری ہو گی۔

مقالہ کی ترتیب وتدوین سے متعلق گذارشات

- مقالہ کا موضوع جاندار، حالاتِ حاضرہ کے مطابق اور بحث اصولِ تحقیق کی روشنی میں ہونی چاہیے۔
- مقالہ کے آغاز میں پہلا صفحہ سرورق کے طور پر دیا جائے جس پر موضوع، مقالہ نگاران کا مکمل نام، عہدہ، ادارہ، ڈاک پتہ، رابطہ نمبر اور ای میل واضح اور تفصیل سے لکھا جائے۔
- مقالہ کے شروع میں الگ صفحہ پر 150 سے 200 الفاظ پر مشتمل انگریزی زبان میں ملخص (Abstract) پیش کیا جائے جس میں اختصار کے ساتھ تعارف، تحقیقی سوال، منہجِ تحقیق اور مجموعی نتائج ذکر کیے جائیں۔ نیز پانچ سے چھ کلیدی، پر مغز اور بنیادی الفاظ Keywords کے عنوان سے دینا بھی ضروری ہے۔ یہ ملخص تمام مقالہ جات میں انگریزی زبان میں ہو گا۔
- مقالہ ایم ایس ورڈ میں ٹائپ شدہ ہو۔ ان پیج یا کسی اور سافٹ ویئر میں ٹائپ شدہ مقالہ جات قابلِ قبول نہ ہوں گے۔

- صفحہ کا سائز A4 ہو۔ اردو عربی کے لیے دائیں جانب جبکہ انگریزی کے لیے بائیں جانب 1.5 انچ اور بقیہ تین اطراف ایک انچ مارجن چھوڑا جائے۔ مقالہ کی طوالت حواشی و حوالہ جات سمیت اٹھارہ (18) صفحات سے زائد نہ ہو۔
- اردو کے لیے **جمیل نوری نستعلیق**، عربی کے لیے **Sakkal Majalla** اور انگریزی کے لیے **Times New Roman** فونٹ استعمال کیا جائے۔
- فونٹ سائز کی تفصیل: موضوع 18، عناوین 15 بولڈ، اردو و عربی متن 14 اور حوالہ جات 12 جبکہ انگریزی متن 12 اور حوالہ جات کے لیے 10 سائز کا فونٹ استعمال کیا جائے۔
- مقالہ میں موضوع کے تعارف اور سابقہ تحقیقی کام کو بالاختصار پیش کیا جائے۔ اصل موضوع پر تحقیق کے اصول و قواعد کی روشنی میں بحث کی جائے اور پھر منطقی نتائج بالترتیب ذکر کیے جائیں۔
- قرآنی آیات کو اعراب و ترجمہ کے ساتھ پیش کیا جائے۔ نیز اردو مقالات میں غیر اردو عبارات کا اردو ترجمہ اور انگریزی مقالات میں غیر انگریزی عبارات کا انگریزی ترجمہ دینا بھی ضروری ہے۔
- آیات، احادیث و اقتباسات "۔۔۔" کے مابین دونوں اطراف سے 0.5 pt کا مارجن چھوڑ کر مناسب حوالہ کے ساتھ پیش کیے جائیں۔
- مقالہ املاء کی اغلاط سے پاک اور رموزِ اوقاف کے بر محل و مناسب استعمال کا آئینہ دار ہو۔
- مقالہ کے آخر میں نتائجِ تحقیق اور تجاویز و سفارشات بھی ذکر کی جائیں۔

حوالہ جات

حوالہ جات و حواشی مقالہ کے آخر میں (Endnote) دیے جائیں جس کے لیے **شکاگو مینوئل آف سٹائل** کی پیروی کی جائے۔ حوالہ دیتے وقت درج ذیل امور اور اسلوب ملحوظ رکھیں:

- قرآنی آیت کے حوالہ کے لیے سورۃ کا نام اور پھر سورۃ نمبر کے بعد آیت نمبر اس طرح درج کی جائے: **سورۃ البقرۃ 186:2**۔ انگریزی مقالہ جات میں آیت کا حوالہ یوں دیا جائے: **Al-Quran 2:186**
- پہلی دفعہ کسی کتاب کا حوالہ دیتے وقت ابتداءً مصنف کا مشہور نام پھر مکمل نام، کتاب کا نام، مقام اشاعت، ناشر، سن اشاعت، جلد و صفحہ نمبر درج کیا جائے جبکہ دوسری مرتبہ حوالہ دیتے وقت مصنف کا صرف مشہور نام ذکر کیا جائے گا اور اشاعت سے متعلق تفاصیل بھی ذکر نہیں کی جائیں گی۔ مثال کے طور پر:

الکاسانی، علاؤالدین، علامہ، **بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع**، (بیروت: دار الکتب العلمیۃ، 2015ء)، 112/2۔

(بعد ازاں) الکاسانی، **بدائع الصنائع**، 110/2۔

- اگر مترجم کتاب کا حوالہ دینا مقصود ہو تو کتاب کے نام کے بعد ترجمہ نگار کا نام ذکر کیا جائے۔
- عربی کتب کے ناموں کو عربی فونٹ جبکہ اردو کتب کے ناموں کو اردو فونٹ میں بولڈ کر دیا جائے۔

مثلاً "**الجامع الصحيح**" اور "**تاریخ دعوت و عزیمت**"۔

- احادیث کا حوالہ دیتے وقت کتاب، باب اور رقم الحدیث دینے کا اہتمام کیا جائے۔ یہ امور مقامِ اشاعت، ناشر، سن اشاعت کے بعد اور جلد و صفحہ نمبر سے قبل ہوں گے البتہ رقم الحدیث دستیاب ہونے کی صورت میں جلد و صفحہ نمبر کی ضرورت نہیں رہتی۔ مثال کے طور پر:

ابو داؤد، سلیمان بن الاشعث، السنن، (ریاض: دارالحضارۃ للنشر والتوزیع، 2015ء)، کتاب السنة، باب فی لزوم السنة، رقم الحدیث: 4604۔

- اگر دوسرا حوالہ بعینہ پہلے جیسا ہو تو اردو عربی میں ایضاً جبکہ انگریزی میں Ibid لکھا جائے۔ جلد و صفحہ نمبر مختلف ہونے کی صورت میں یہ لکھنے کے بعد متعلقہ جلد و صفحہ نمبر درج کیا جائے۔
- مصنفین، کتب اور دیگر غیر انگریزی اسماء و اصطلاحات کی وضاحت کے لیے ٹرانسلٹریشن کی جائے۔
- نامکمل حوالہ جات پر مشتمل مقالہ جات قابل اشاعت نہ ہوں گے۔
- مزید رہنمائی اور نمونہ جات کے لیے مجلہ کی ویب سائٹ پر سابقہ شائع شدہ مقالات ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔

اصطلاحات اور اجنبی الفاظ

ملخص یا انگریزی مقالہ جات میں ذکر کی جانے والی اردو یا عربی اصطلاحات کی وضاحت کے لیے ٹرانسلیٹریشن کا اہتمام کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے ٹرانسلیٹریشن ٹیبل مجلۃ "المیثاق" کی ویب سائٹ پر موجود ہے جس سے رہنمائی لی جاسکتی ہے۔

مجلۃ "المیثاق" کی ادارتی مجلس کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی مقالے میں مناسب تبدیلی، ترامیم اور اصلاحات کے بعد اشاعت کے قابل بنائے۔ تاہم اشاعت سے قبل مقالہ نگار کو ترامیم سے آگاہ کیا جائے گا۔ مقالہ میں پیش کردہ خیالات، مواد اور نتائج مقالہ نگاران کی ذاتی آراء پر محمول ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری انہیں پر عائد ہوگی۔ انہیں نہ تو مجلہ کی ادارتی و مشاورتی مجلس کی آراء پر محمول کیا جائے گا اور نہ ہی ان کا اس سے متفق ہونا ضروری ہے۔

HIRA INSTITUTE
of Social Sciences Research & Development